# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 21 August 2026**
**Time : 09:25 AM**

**Opening**

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں بصارت گلؔ

امت شاہ

مرکزی کابینہ نے لداخ میں جموں کشمیر ہائی کورٹ کی ایک بینچ قائم کرنے کی منظوری دی ہے۔ اس بات کی جانکاری مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ایک سوشل پوسٹ کے ذریعے دی۔

وزیر موصوف نے کہا کہ اس قدم سے انصاف اور عدلیہ تک لداخ کے لوگوں کی رسائی مزید آسان بنے گی۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ سرکار لداخ کی مجموعی ترقی اور اس خطے کے لوگوں کے آئینی حقوق کو تحفظ فراہم کرنے کی وعدہ بند ہے۔

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ سرحدی علاقوں میں غریبی کی سطح میں قدرے کمی واقع ہوئی ہے جبکہ ان علاقوں سے شہروں کی طرف ہجرت کی شرح میں پچاس فیصدی کمی واقع ہوئی۔

جموں صوبے کے کٹھوعہ ضلعے میں کرول کرشنا نامی سرحدی گاؤں کے دورے کے دوران وہاں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ خواتین سیلف ہیلپ گروپ، مقامی معیشت کو مضبوط کر رہے ہیں اور ہمارے نوجوان دلی اور ممبئی میں رہنے والے اپنے ہم پلہ نوجوانوں کی طرف بڑے خواب دیکھ رہے ہیں۔

لیفٹننٹ گورنر نے کہا کہ سرحدی دیہات ملک کے آخری نہیں بلکہ قوم کی شناخت اور ترقی کے لحاظ سے صف اول کے گاؤں ہیں۔

-----LG--------

اس موقعہ پر ایل جی نے سیکورٹی جوانوں کے ساتھ بات چیت کرکے ملک کی سرحدوں کی مضبوط نگرانی کیلئے ان کا حوصلہ بڑھایا۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے کہا ہے کہ موجودہ جموں کشمیر سرکار عوام کیلئے بنیادی ڈھانچے کی ہر سہولت پورے معیار کے ساتھ فراہم کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔

سرینگر کے آلوچی باغ میں قریب 26 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے تعمیر کئے جانے والے جدید ترین ذبح خانے کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد انہوں نے کہا کہ حکومت شہری اور دیہی دونوں علاقوں میں تعمیر وترقی کے عمل کو تیزی کے ساتھ آگے بڑھانے کیلئے کام کررہی ہے۔

واضح رہے کہ ذبح خانے کی سہولت میں روزانہ پانچ ہزار بھیڑ بکریوں کو پروسیس کرنے کی صلاحیت ہوگی۔

اس سے پہلے وزیراعلیٰ نے کل راجباغ سرینگر میں سپورٹس کونسل کے 'گندن' سپورٹس کمپلیکس میں سوئمنگ پول اور دیگر سہولیات کا معائینہ کیا۔

ستیش شرما

خوراک، شہری رسدات اور امور صارفین کے وزیر ستیش شرما سے سول سیکریٹریٹ سرینگر میں کئی وفود نے ملاقات کرکے اپنے اپنے شعبوں اور علاقے سے جڑے عوامی اور ترقیاتی نوعیت کے معاملات اٹھائے۔

اس دوران بدھل، سوناواری، راجوری، پونچھ اور اوڑی کے اسمبلی ممبران نے بھی وزیر موصوف سے ملاقات کرکے ان کی نوٹس میں اپنے اپنے اسمبلی حلقوں سے جڑے ترقیاتی معاملات لائے۔

وزیر موصوف نے سبھی کے مطالبات غور سے سننے کے بعد انہیں یقین دلایا کہ تمام جائز مسائل اور مانگوں کو مناسب وقت پر حل کیا جائے گا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں شمسی اور پن بجلی کے وسائل کی کافی صلاحیت موجود ہے جسے مناسب پروجیکٹوں کو استعمال میں لاکے بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔

سرینگر میں محکمہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی طرف سے قابل تجدید توانائی کے پروگراموں اور جموں کشمیر میں سبز توانائی کی پالیسیوں پر عملدرآمد کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے چیف سیکریٹری نے کہا کہ ان وسائل کو بروئے کار لانے سے نہ صرف توانائی کی یقینی فراہمی ممکن بن سکے گی بلکہ ایک صاف وشفاف اور ہرے بھرے جموں کشمیر کی تعمیر کے علاوہ مقامی سطح پر روزگار کے مواقعے پیدا ہونگے۔

میٹنگ میں جانکاری دی گئی ہے نئی اور قابل تجدید توانائی کی وزارت کی طرف سے منظور کردہ 15 تفصیلی پروجیکٹ رپورٹوں میں سے آٹھ DPR جموں کشمیر کیلئے منظور کئے گئے ہیں۔

عید میلاد

عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں وادی بھر میں سیرت النبی ﷺ اور ولادت باسعادت کے موضوعات کے ساتھ روح پرور مجالس کا سلسلہ جاری ہے۔
ان مجالس میں عقیدت مندوں کی بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے۔ **12** ربیع الاول، **26** اگست کو منائی جانے والی اصل تقریب کیلئے صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا۔
ادھر ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے بھی عید میلاد کی تقریبات منانے کے سلسلے میں ضلع افسروں کی ایک میٹنگ میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔
ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے بھی میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ضلعے میں منائی جانے والی تقریبات کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

مردم شماری

جموں کشمیر اور لداخ کے چیف پرنسپل سینس آفیسر اور ڈائریکٹر امت شرما نے مردم شماری **2027** کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے آبادی کے لحاظ ایک قابل اعتبار ڈیٹا بیس تیار کرنے کی غرض سے اس اہم سرگرمی میں عوام کی بھرپور شرکت نیز صحیح اور مکمل جانکاری درج کرانے پر زور دیا ہے۔
وہ بھدرواہ میں مردم شماری سے متعلق

**" Census-2027- Counting today , Shaping Tomarrow"**

کے موضوع سے منعقدہ ایک جانکاری پروگرام میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ انہوں نے طالب علموں کو اس عمل کے سفیر بننے کیلئے کہا تاکہ وہ عام لوگوں تک ان کا یہ پیغام پہنچائیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19** عشاریہ **5** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **24** عشاریہ **4** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ